جمہوریت کی طرف پہلا قابل فخر اور کامیاب قدم :

۲۔ آج پاکستان کے لیے ایک عظیم دن ہے کیونکہ آج عوام کے منتخب نمائندوں نے ملک کے لیے آئین منظور کر لیا ہے جو عوام کی امنگوں ، جذبات اور نظریات کی مکمل ترجمانی کرتا ہے - پیپلز پارٹی کے لیے یہ دن اور بھی عظیم ہے - کیونکہ چیئرمین بھٹو نے عوام کے ساتھ جو وعدہ کیا تھا ، وہ آئین کی منظوری سے پورا ہو گیا ہے - اس طرح ملک کو جمہوریت کی راہ پر چلانے کا پہلا مرحلہ مکمل ہوگیا ہے - ہمیں اس بات کا مکمل یقین تھا کہ اگر ہم قومی مسائل پر ثابت قدم رہے تو عوام ہمارا ساتھ دیں گے - اور اپوزیشن کو بھی یہ بات تسلیم کرنا پڑے گی کہ پیپلز پارٹی کا موقف حب الوطنی اور عوامی نظریات پر مبنی ہے - آئین کی تشکیل کی راہ میں لا تعداد رکاوٹیں پیش آئیں - بعض رکاوٹیں ناقابل تسخیر محسوس ہوتی تھیں لیکن اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہم پاکستان اور پاکستان کے عوام پر مکمل اعتماد رکھتے ہوئے اپنی کوشش میں کامیاب ہوئے -

(گورنر) پنجاب

بحوالہ روزنامہ مشرق لاہور

۱۲ - اپریل ۱۹۷۳ ع